آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر

ڈیپارٹمنٹ آف ان لینڈ ریونیو

ٹینڈر نوٹس

محکمہ ان لینڈ ریونیو آزاد جموں و کشمیر کو محکمانہ سٹیشنری برائے سال 2022-23 کیلئے PPRA قواعد کے تحت Single Stage- Single Envelope Procerdure کے مطابق ایسے مقامی ادارے جو سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس میں رجسٹرڈ اور Active Tax Payer List میں شامل ہوں، سے سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔

شرائط:

(1 نمونہ جات سٹیشنری دفتری اوقات کار میں سپرنٹنڈنٹ ایکسائز آڈٹ اینڈ پریونٹو برانچ مظفرآباد میں دیکھے جاسکتے ہیں۔

(2 تفصیلی ٹینڈر دستاویزات بعوض مبلغ -/1,000 روپے ناقابل واپسی دفتری اوقات کے دوران سپرنٹنڈنٹ ایکسائز آڈٹ اینڈ پریونٹو برانچ مظفرآباد سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ ٹینڈر میں درج کردہ ریٹس 30 جون 2023 تک لاگو ہوں گے۔

(3 ٹینڈرز زیردستخطی کے نام مورخہ 14 مارچ 2023 کو دن 12 بجے تک پہنچ جانے چاہئیں جو اسی روز 12:30 بجے ٹینڈر دہندگان یا انکے مجاز نمائندوں کی موجودگی میں چیئرمین پرچیز کمیٹی (ڈپٹی ڈائریکٹر، MIS ونگ، محکمہ ان لینڈ ریونیو، صدر دفتر مظفرآباد) کے دفتر میں کھولے جائیں گے۔ مقررہ وقت کے بعد موصول ہونے والے ٹینڈرز مسترد تصور ہوں گے۔ نیز کسی بھی لحاظ سے نامکمل ٹینڈرز کو زیرغور نہیں لایا جائے گا۔

(4 خواہشمند پارٹیاں اپنی پیشکش کے ہمراہ درج کردہ کل قیمت کے 03 فیصد کے مساوی پے آرڈر / بینک ڈرافٹ بنام زیردستخطی بطور ضمانت ارسال کریں۔ کال ڈیپازٹ کی رقم 30 جون 2023 کے بعد ریلیز کی جائے گی۔ ٹینڈر کے ہمراہ سیلز ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ و نیشنل ٹیکس نمبر سرٹیفکیٹ شامل کرنا ہوگا۔

(5 ٹینڈر دہندہ کو Bidding Document میں شامل تمام اشیاء کے نرخ دینا ہونگے۔ چند مخصوص اشیاء کے نرخ کے حامل کوٹیشن، نامکمل اور مشروط ٹینڈر قابل قبول نہیں ہونگے۔ سٹیشنری کی تمام اقسام جیسا کہ رجسٹر، فارم، پیڈ اور فائل کورز کی تعداد، قسم، سائز، تصریحات اور دیگر شرائط و ضوابط بمطابق Bidding Document ہونگے۔

(6 ٹینڈر کے ہمراہ نمونہ جات سٹیشنری جمع کروانا لازم ہوں گے۔ مجموعی طور پر سب سے کم ترین نرخ اور بمطابق تصریحات بڈنگ ڈاکیومنٹ والے ٹینڈر دہندہ کو سپلائی آرڈر جاری کیا جائے گا۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ پر لازم ہوگا کہ وہ ٹینڈر کی منظوری کے 45 ایام کے اندر تمام اشیاء دفتر سپرنٹنڈنٹ ایکسائز آڈٹ اینڈ پریونٹو برانچ مظفرآباد کو سپلائی کریں۔

(7 کامیاب ٹینڈر دہندہ PPRA رولز کے مطابق bid کی رقم کے 10% کے مساوی بطور پرفارمنس گارنٹی پیش کرنے کا پابند ہوگا۔

(8 سپلائی کردہ آئٹمز کی پڑتال محکمانہ کمیٹی کرے گی جسکی اطمینان بخش رپورٹ کے بعد رقم کی ادائیگی کی جائے گی۔ کامیاب ٹینڈر دہندگان سے بوقت ادائیگی تحت قواعد تمام مروجہ ٹیکسز کی وضعگی عمل میں لائی جائے گی۔ مجاز اتھارٹی PPRA قواعد کے تحت کوئی بھی ٹینڈر منظور یا مسترد کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

(9 اشتہار ہذا AJK-PPRA کی ویب سائیٹ (www.ajkppra.gov.pk) پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

(10 اشتہار ہذا سے متعلق Bid Evalluation Report اور Award of Contrtract کو بھی PPRA website پر up-load کروایا جاسکتا ہے۔

(11 خواہشمند پارٹیاں اپنی پیشکش کے ہمراہ -/50 روپے کے بیان حلفی جمع کروانے کی پابند ہوں گی کہ وہ آزاد جموں و کشمیر یا پاکستان میں Black-Listed نہیں ہیں۔

سپرنٹنڈنٹ / سیکرٹری پرچیز کمیٹی
ایکسائز آڈٹ اینڈ پریونٹو برانچ
مظفرآباد
فون نمبر 05288-920999